# شرف دین و پاسبان مذہب

مولانا سید علی ہاشم عابدی



فقیہ ومجاہد آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین شرف الدین موسوی عاملیؒ ۱۲۹۰ھ کو کاظمین میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد جناب سید یوسف شرف الدینؒ اور والدہ آیۃ اللہ سید ہادی صدرؒ کی بیٹی جناب زہرا صدرؒ تھیں اور جب آپ ایک برس کے ہوئے تو اپنے والد ماجد کے ہمراہ نجف اشرف چلے گئے۔

باب مدینۃ العلم حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کے جوار میں دیندار واہل علم والدین کے زیر سایہ پروان چڑھے۔ چھ برس کی عمر میں مکتب گئے اور ایک برس بعد یعنی سات برس کی عمر میں قرآن کریم کی ایسی دلنشین تلاوت کرتے کہ سننے والوں کو بخوبی اندازہ ہوجاتا کہ یہ بچہ نوک نیزہ کے بے نظیر قاری حضرت امام حسین علیہ السلام کا حقیقی عبد ہے۔

نجف اشرف سے اپنے والد کے ہمراہ آبائی وطن جبل عامل آئے اور آٹھ برس کی عمر میں تعلیم کا مکمل سلسلہ شروع ہوا جسمیں ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی۔

۱۷ ربرس کی عمر میں چچا کی بیٹی سے شادی ہوئی اور ۲۰ ربرس کی عمر یعنی ۱۳۱۰ھ میں اپنے نانا آیۃ اللہ العظمیٰ سید ہادی صدرؒ کی ہدایت پر اعلیٰ دینی تعلیم حاصل کرنے کے لئے سامرہ تشریف لے گئے۔ سامرہ میں آئے آپ کو ابھی ایک برس بھی نہیں ہوئے تھے کہ مرجع عالی قدر آیۃ اللہ العظمیٰ میرزا شیرازیؒ سامرہ سے نجف اشرف منتقل ہوگئے۔ اور آپ کی پیروی میں اکثر علماء وطلاب بھی نجف اشرف چلے گئے تو آیۃ اللہ سید عبدالحسین شرف الدین بھی نجف اشرف آگئے۔

آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین شرف الدینؒ نے آیۃ اللہ شیخ حسن کربلائیؒ، آیۃ اللہ شیخ محمد طہؒ، آیۃ اللہ آخوند ملا کاظم خراسانیؒ، آیۃ اللہ سید محمد کاظم یزدیؒ، آیۃ اللہ سید اسماعیل صدرؒ، آیۃ اللہ شیخ فتح اللہ شریعت اصفہانیؒ، آیۃ اللہ سید حسن صدرؒ سے کسب فیض کیا اور ۳۲ ربرس کی عمر میں درجہ اجتہاد پر فائز ہوئے۔

مختلف فقہاء سے سند اجتہاد حاصل کر کے آپ اپنے وطن جبل عامل تشریف لائے اور اپنے والد ماجد اور برادر عالی قدر کی مدد سے جبل عامل میں حوزہ علمیہ قائم کیا لیکن ابھی کچھ ہی عرصہ گذرا تھا کہ آپ کے والد کی رحلت ہوگئی اور اس کے کچھ ہی دن بعد آپ کے بھائی کی بھی وفات ہوگئی۔

اخلاقی اختلاف شان علم کے خلاف ہے اور علمائے ربانی کی تاریخ گواہ ہے کہ وہ ہمیشہ اخلاقی اختلافات اور مشکلات سے دور رہے۔ ہاں علمی اور نظریاتی اختلاف ہمیشہ رہا اور یہ علمی اور نظریاتی اختلاف نے ملک وملت کی تعمیر اور ترقی میں نمایاں کردار نبھایا۔ آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین شرف الدین موسویؒ سے بھی ان کے ہم عصر افراد سے اختلاف نظر رہا لیکن کبھی بھی اس نظریاتی اختلاف



**آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین شرف الدین موسوی رحمۃ اللہ علیہ جب لبنان پہنچے تو یہ زمانہ پہلی جنگ جہانی کا زمانہ تھا ۔ عثمانی حکومت نے اعلان کیا تھا کہ جو بھی اسلحہ چلا سکتا ہے وہ فوج میں داخل ہو جائے اور اس حکم سے صرف انہیں دینی علماء کو چھوٹ تھی جنکا نام سرکاری رجسٹر میں رقم تھا اور اس میں غیر شیعہ مذہب کے علماء کے نام ہی لکھے تھے اور شیعہ علماء اور طلاب کا نام نہ سرکاری رجسٹر میں لکھا تھا اور نہ کوئی لکھوانے والا تھا لہذا آپ نے اس سلسلہ میں اقدام کیا اور سرکاری حکم نامہ جاری کرایا اور اس طرح شیعہ علماء و طلاب کو بھی اس قانون سے سہولت ملی جس کے نتیجہ میں تعلیم وتعلم کا سلسلہ نہیں رکا اور حوزات علمیہ جاری رہے۔**

کو بداخلاقی کی نذر نہیں ہونے دیا اور اگر کسی نے انکی حمایت میں ایسا کیا تو خود آپ نے اسکی مخالفت کی۔

مہمان نوازی آپ کا خاصہ تھا اور اگر مہمان عالم و دانشور ہوتا تو اس کا بے حد احترام فرماتے اور خدمت کرتے۔ اسی طرح آپ دنیا اور اسکی لالچ سے دور تھے ملک فیصل نے جب آپ کو پانچ ہزار مصری لیرہ بھیجا تو آپ نے یہ کہتے ہوئے اسے لینے سے انکار کر دیا کہ میں نے پیسے کے لئے جہاد نہیں کیا۔ جب ملک فیصل کو اسکی اطلاع ہوئی تو اس نے کہا کہ میں نے اب تک ایسا اعلیٰ ظرف انسان نہیں دیکھا جو اس طرح مال دنیا کو ٹھکرا دے۔

آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین شرف الدین موسویؒ جب لبنان پہنچے تو یہ زمانہ پہلی جنگ جہانی کا زمانہ تھا۔ عثمانی حکومت نے اعلان کیا تھا کہ جو بھی اسلحہ چلا سکتا ہے وہ فوج میں داخل ہوجائے اور اس حکم سے صرف انہیں دینی علماء کو چھوٹ تھی جنکا نام سرکاری رجسٹر میں رقم تھا اور اس میں صرف اہلسنت اور عیسائی مذہب کے علماء کے نام ہی لکھے تھے اور شیعہ علماء اور طلاب کا نام نہ سرکاری رجسٹر میں لکھا تھا اور نہ کوئی لکھوانے والا تھا لہذا آپ نے اس سلسلہ میں اقدام کیا اور سرکاری حکم نامہ جاری کرایا اور اس طرح شیعہ علماء وطلاب کو بھی اس قانون سے سہولت ملی جس کے نتیجہ میں تعلیم و تعلم کا سلسلہ نہیں رکا اور حوزات علمیہ جاری رہے۔

اسلامی وحدت اور اسلامی فرقوں کے درمیان اتحاد و نزدیکی کے سلسلہ میں آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین شرف الدین موسویؒ کی کوششیں قابل قدر بلکہ نقش اول کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اسی سلسلہ میں آپ نے مصر کا سفر کیا اور وہاں علماء سے ملاقات کی ۔ جامعہ الازہر کے مفتی شیخ سلیم البشری المالکی سے خصوصی ملاقات کی اور امامت کے موضوع پر ۱۱۲ خطوط ایک دوسرے کے درمیان رد و بدل ہوئے جو بعد میں ''المراجعات'' نامی کتاب کی شکل میں طبع ہوئے۔

آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین شرف الدین موسویؒ کی کتاب ''المراجعات'' اس وقت سے آج تک امامت کی بحث سمجھنے اور حصول ہدایت میں مشعل راہ ہے۔ بزرگ علماء نے اس عظیم کتاب کی توصیف فرمائی۔

بانی حوزہ علمیہ قم حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ شیخ عبدالکریم، مرجع عالی قدر حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ بروجردیؒ، استاد الفقہاء و المجتہدین آیۃ اللہ العظمیٰ سید ابوالقاسم خوئیؒ، رہبر کبیر انقلاب حضرت امام خمینی قدس سرہ اور صاحب کتاب الغدیر علامہ امینیؒ نے آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین شرف الدین موسویؒ اور آپ کی کتابوں خصوصا ''المراجعات'' اور ''الفصول المہمہ'' کی تعریف وتمجید فرمائی ہے۔ اسی طرح ''المراجعات'' کو پڑھ کر بہت سے لوگوں کو ہدایت نصیب ہوئی جسمیں جناب ڈاکٹر تیجانی سماوی حفظہ اللہ اور جناب عبدالحفیظ بنانی کے اسمائے گرامی سرفہرست ہیں۔

آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین شرف الدین موسویؒ جب حج کے لئے تشریف لے گئے تو سعودی بادشاہ عبدالعزیز سے ملاقات کی اور اسے تحفہ میں قرآن کریم دیا ۔شاہ عبدالعزیز نے قرآن کریم کی جلد کو چوما تو آپ نے اس سے کہا کہ یہ جلد تو بکری کی کھال کی بنی ہے اسے کیوں چوما تو اس نے کہا کہ چوں کہ اس کے اندر قرآن ہے اس لئے چوما تو آپ نے فرمایا ہم بھی روضہ رسولؐ کی دیواروں، جالی اور دروازے کو صرف اس لئے چومتے ہیں کہ وہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں۔ جس کے بعد شاہ عبدالعزیز نے زائرین کو روضہ رسولؐ کے چومنے سے روکنا بند کر دیا اگر چہ اس کے بعد کے حکام نے دوبارہ پابندی لگا دی۔ اسی طرح آپ نے حرم الٰہی مسجد الحرام میں نماز جماعت کی امامت فرمائی کہ آپ کی اقتدا میں بلا تفریق مذہب وملت مسلمانوں نے نماز جماعت پڑھی۔

آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالحسین شرف الدین موسویؒ نے جہاں قابل قدر علمی اور مذہبی اقدامات کئے وہیں آپ کی سیاسی جد جہد بھی نا قابل فراموش ہیں ۔ فرانسیوں کے خلاف آپ کے حکم جہاد نے عالم اسلام خصوصا لبنان کو استعمار سے نجات دی اور اسی طرح فلسطین پر یہودی غاصبانہ قبضہ کے خلاف بھی آواز بلند کی۔

آخر ۸ رجمادی الثانی ۱۳۷۷ھ کو ۸۷ ربرس کی عمر میں یہ آفتاب علم وہدایت غروب ہوگیا، جنازہ لبنان سے نجف اشرف لایا گیا اور مولا وآقا حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کے روضہ مبارک میں سپرد خاک کیا گیا۔ جب آیۃ اللہ العظمیٰ آقائے سید روح اللہ موسوی خمینی قدس سرہ کو آپ کے انتقال کی خبر ملی تو انھوں نے اپنے درس کو تعطیل کیا اور فرمایا: ہمارے زمانے کا ہشام بن حکم گذر گیا۔

# مصافحہ، معانقہ اور تقبیل سے دوری وجہ خیر الٰہی میں کمی

ڈاکٹر شجاعت حسین

واقعہ کربلا کے چشم دید گواہ، شیعوں کے چوتھے امام، علی (ع) بن الحسین (ع) کے چشم چراغ اور پانچویں امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ مصافحہ امر امانت اہلبیت علیہم السلام ہے۔ خدا کی صفت بیان کرنے پر قادر نہیں اور ہماری صفت بھی بیان کرنے میں قدرت نہیں رکھتے۔ کیا علماء کرام، مومنین اور شیعوں نے کوتاہی کی؟ (حضرت ثقۃ الاسلام علامہ فہامہ مولانا الشیخ بن محمد یعقوب کلینی علیہ الرحمۃ، اصول کافی، جلد 4، صفحہ 87)

امت مسلمہ بخوبی واقف ہے کہ علماء کرام وارث رسولؐ ہیں۔ مومنین کے لیے آپ کی پیروی، بہر حال، ہر حال میں لازمی ہے۔ لہٰذا کلام الٰہی، اُم الکتاب، قرآن حکیم میں ہر خشک وتر موجود ہے جس کی تعلیم، تبلیغ، تشہیر و اشاعت سبھی عالموں پر فرض ہے۔ منبر اور محراب کے قریب اور معاشرے میں واضح طور پر مصافحہ، معانقہ اور تقبیل کرتے ہوئے نمونہ پیش کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ لیکن اس کے عمل میں کمی دیکھی گئی ہے جو باعث تشویش ہے۔

مصافحہ، معانقہ اور تقبیل کیا ہے؟ ان کو عمل میں کیسے لائیں، اس کی اہمیت کی وضاحت کی جائے، اس کا فضل و کرم یہ ہوگا کہ ہمارے نوجوان و نوخیز طبقے میں اہمیت معلوم ہوگی اور رفتہ رفتہ فروغ پائے گا۔ اگر معاشرہ میں اکے عمل میں کمی و کوتاہی برتی جارہی ہے، اس کا واضح اشارہ یہ ہے کہ اس کی اہمیت سے ناواقفیت کی وجہ ہوسکتی ہے۔

آیئے مُصافحہ کے معنی ومطالب کو سمجھیں۔ ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانے کے فعل کو مصافحہ کہا جاتا ہے۔ جب پروردگار عالم نے اپنے محبوب کو مکمل نمونہ عمل قرار دیا ہے تو ظاہری بات ہے کہ تاجدار انبیاء نے کس طرح سے مصافحہ کا فعل عمل میں لایا کرتے تھے اس کو جاننے کی ضرورت ہے۔ کیا ہم نے اس عمل کو تیز رفتار و مصروف زندگی، تعلیم یافتہ اور جدید ٹیکنالوجی دور میں تبدیل تو نہیں کر دیا یا نابلد ہو گئے۔ مشفق مومنین کرام اور علماء کرام کے ذہن عالیہ کے لیے تحریر کرنا لازمی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مصافحہ کرتے تو اپنا ہاتھ کبھی نہ ہٹاتے جب تک دوسرا شخص اپنا ہاتھ نہ ہٹا تا لیتا تھا۔“ (اصول کافی، جلد 4، صفحہ 90) کاش مصافحہ کی اہمیت پر تدبر و تفکر کیا ہوتا! حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب دو مومن ملتے ہیں اور مصافحہ کرتے ہیں تو خدا کا دست رحمت ان کے ہاتھوں کے درمیان ہوتا ہے اور مصافحہ ان کے درمیان محبت کو بڑھاتا ہے۔

بابائے سلونی سلونی قبل ان تفقدونی، امیرالمومنین، امام المتقین، شیر خدا، فاتح خیبر، حضرت علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا ”جب دو مومن ملتے ہیں اور مصافحہ کرتے ہیں تو خدا کی رحمت کا ہاتھ ان کے ہاتھوں کے درمیان ہوتا ہے اور مصافحہ سے ان کے درمیان بہت زیادہ محبت پیدا ہوتی ہے اور جب اللہ ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو ان کے گناہ اس طرح گر جاتے ہیں جیسے موسم خزاں میں درخت سے پتے۔“

جب دو مومن، دو دوست یا دو بھائی آپس میں مصافحہ کرتے



ہیں تو اللہ تبارک تعالیٰ ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ تبھی تو محبوب کبریا نے اپنی امتیوں سے فرمایا جب تم میں سے اپنے بھائی سے ملے تو چاہیے سلام کرے اور مصافحہ کرے خدا نے اس مصافحہ سے ملائکہ کو مکرم بنایا ہے پس تم بھی وہ کرو جو ملائکہ کرتے ہیں۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے تو یہ بھی فرمایا کہ جب کوئی اپنے رفیق سے مصافحہ کرتا ہے اور جو ہاتھ میں ہاتھ ڈالے رہے اس کا مرتبہ اس سے زیادہ ہے جو مصافحہ ختم کرے۔ حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا کہ مصافحہ کیا کرو کہ وہ دل سے حسد اور کینہ کو دور کر دیتا ہے۔

مُعانقہ کا مطلب ہے بغل گیر ہونا (گلے ملنا)۔ ایسا کہیں نہیں لکھا ہے کہ گلے صرف عیدالفطر اور عیدالضحیٰ میں ملیں۔ یوم جمعہ جو کہ سیدالیوم کہلاتا ہے اس روز بھی مصافحہ اور معانقہ کو عمل میں لایا جانا چاہیے لیکن جب معانقہ کے معنی سے واقفیت ہی نہیں تو عمل میں کیسے اور کیونکر لایا جائے۔ بدقسمتی اور المیہ یہ ہے کہ معاشرے میں مساوات نہیں۔ تعلیم، عہدہ، منصب، دولت، شہرت، حسب ونسب کے امتیازات معاشرے میں غالب ہے۔

الشیخ کلینی علیہ الرحمۃ کی معروف و مستند کتاب، اصول کافی کے بَابُ الْمُعَانَقَةِ، جلد 4، صفحہ 93-92 پر الذکر ہے کہ امام باقرؑ اور امام الصادقؑ سے منقول ہے کہ جب کوئی مومن بھائی زیارت کو نکلتا ہے اس کا حق پہچان کر تو اللہ اس کے ہر قدم پر ایک حسنہ لکھتا ہے اور ایک گناہ محو کرتا ہے اور ایک درجہ بلند کرتا ہے اور جب وہ دق الباب کرتا ہے تو اس کے لیے آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں اور جب دونوں ملتے اور معانقہ کرتے ہیں تو خدا ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے پھر مباہات کرتا ہوا ملائکہ سے کہتا ہے: ”دیکھو میرے ان دونوں بندوں کو، یہ ایک دوسرے سے ملتے ہیں میری خوشنودی کے لیے۔“

مصافحہ اور معانقہ کے معنی، مفہوم، عمل اور اہمیت کے بعد لفظ ”تقبیل“ کے معنی اور اہمیت پر غور کریں۔

تقبیل ایک عربی لفظ ہے جس کا اردو معنی بوس و کنار، چومنا یا بوسہ بازی ہے۔ عام طور پر یہ ایران، عراق اور عرب ممالک کی ثقافت ہے۔ ہندوستان میں اس کو مقبولیت حاصل نہ ہوسکی کیونکہ اس کی اہمیت اور فضیلت سے ہم آشنا ہی نہیں۔ معاشرے کی ثقافت میں مقام حاصل نہ کرسکی۔ اس بات کو زور دے کر لکھنا ضروری ہے کہ اگر کتب اربعہ کا مطالعہ کیا ہوتا تو اس عمل کی فضیلت واہمیت سے آشنائی ہوتی اور عمل میں بھی نظر آتا۔ قارئین کرام غور کریں۔ ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا کہ تمھارے لیے ایک نور ہے جس سے تم دنیا میں پہچانے جاتے ہو جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے ملے تو اس کی پیشانی کو جو مقام نور ہے بوسہ دے۔ ایسا کرنا بدعت میں شمار نہ ہوگا۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا ”اگر کوئی اپنے نسبتی رشتہ دار کے چہرہ یا ہاتھ پر بوسہ دے تو مضائقہ نہیں اور بھائی کے رخسار پر اور رشتہ دار کے دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دینا چاہیے۔ زوجہ اور طفل صغیر پر بوسہ دینا چاہیے۔ (اصول کافی، جلد 4، صفحہ 95)۔ لیکن اس بات کا خیال رکھیں کہ نہ بوسہ کسی کو دیا جائے کسی کے سر کو نہ ہاتھ کو سوائے دستِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم یا جس کو رسول اکرمؐ نے چاہا ہو (یعنی وصی رسولؐ)

جس طرح سے سلام و دعا میں سلامتی، امن، محبت، شفقت، حفظ، امان، کامیابی و کامرانی ہے اسی طرح مصافحہ، معانقہ اور تقبیل میں کثیر خیر و برکت، آفیت اور نجات ہے کیونکہ یہ خوشنودی اور رضائے الٰہی ہے۔ ہمارا معاشرہ طبقوں میں تقسیم ہے۔ کیا یہ کہنا قابل قبول ہوگا کہ وارث رسول صلی اللہ علیہ وسلم ان عمل کی جانب معاشرے کو راغب کریں۔ یہ کوئی مبالغہ آرائی یا تہمت نہیں کہ ایسا مشاہدہ کیا جا رہا ہے کہ کسی بزم، محفل، مجلس، درع ت، شادی، ولیمہ کسی نوعیت کے پروگرام میں خود ساختہ گریٹ حضرات مصافحہ، معانقہ اور تقبیل تو دور کی بات، آنکھیں ملانا اور برابر میں کھڑا ہونا بھی ممنوع اور شان کے خلاف سمجھتے ہیں۔

مصافحہ، معانقہ اور تقبیل کا عمل محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور رضائے الٰہی بھی۔ اے پروردگار عالم! ہم لوگوں کو مندرجہ بالا عمل کو انجام دینے کی توفیق عطاء فرما اور رحمت و کرم نازل فرما! آمین!!

علی گڑھ، موبائل 7060888223

# پُرسکون نیند و خوابوں کے قاتل: الیکٹرانک آلات کے اسکرین ٹائمنگ

مسعود محبوب خان (ممبئی)

اوسا کا یونیورسٹی کی تحقیق میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ سونے سے قبل کمپیوٹر، موبائل فون اور ٹی وی جیسے آلات کا استعمال کم خوابی اور نیند کی خرابی کا ایک بڑا سبب ہے۔ اس تحقیق کے مطابق، وہ لوگ جو رات کے وقت ان الیکٹرانک آلات کا استعمال کرتے ہیں، نہ صرف نیند کے دورانیے میں کمی کا شکار ہوتے ہیں بلکہ ان کی نیند کا معیار بھی متاثر ہوتا ہے۔ ایسے افراد کی نیند میں خلل کی وجہ سے نہ صرف ان کی صحت متاثر ہوتی ہے بلکہ روزمرہ زندگی میں ان کی کارکردگی بھی متاثر ہوسکتی ہے۔ اگر نیند کی کمی اور اس کے منفی اثرات سے بچنا چاہتے ہیں تو نیند سے پہلے اسکرینز سے بچنا اور پُرسکون سرگرمیوں میں مشغول ہونا انتہائی مفید ہے۔ اس تحقیق میں بتایا گیا کہ کمپیوٹر، موبائل اور ٹی وی کی اسکرین سے نکلنے والی نیلی روشنی (blue light) دماغ کے میلانوپسن نامی فوٹو ریسپٹرز کو متاثر کرتی ہے، جس سے نیند کا ہارمون میلاٹونن کم ہوتا ہے۔ میلاٹونن ایک قدرتی ہارمون ہے جو نیند کو بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے۔ جب اس کی سطح کم ہوجاتی ہے، تو انسان کو سونے میں دشواری پیش آتی ہے، اور نیند کا دورانیہ کم ہوجاتا ہے۔

رات کی نیند انسان کی ذہنی اور جسمانی صحت کے لیے انتہائی اہم ہے۔ نیند کے دوران جسم میں نئی توانائی پیدا ہوتی ہے، دماغ کو سکون ملتا ہے، اور مدافعتی نظام بہتر ہوتا ہے۔ اگر نیند کا دورانیہ کم یا ناقص ہو تو یہ انسانی جسم کے مختلف نظاموں پر منفی اثر ڈال سکتا ہے۔ چاق و چوبند رہنے اور روزمرہ کی زندگی میں اچھا پرفارم کرنے کے لیے مناسب نیند لینا نہایت ضروری ہے۔ ماہرین کے مطابق، رات کے ابتدائی گھنٹوں میں سونے کے لیے لیٹنا بہتر نیند کا آغاز کرتا ہے۔ قدرتی نظام کے تحت، شام ڈھلنے کے بعد جسم میں نیند کے ہارمونز کی سطح بڑھتی ہے، جو ابتدائی رات کو سونے کی صورت میں بہترین نیند فراہم کرتی ہے۔ اگر ہم یہ وقت الیکٹرانک آلات کے سامنے گزاریں تو نیند کے اس فطری سائیکل میں خلل پیدا ہوتا ہے۔

تحقیق سے معلوم ہوا کہ جو لوگ سونے سے پہلے ہیجان انگیز یا خوفناک مواد دیکھتے ہیں، ان کے دماغ میں تناؤ اور اضطراب کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ اس سے نیند متاثر ہوتی ہے اور نیند کے مختلف مراحل (Sleep Stages) صحیح طریقے سے مکمل نہیں ہو پاتے۔ ان مراحل میں خلل سے نہ صرف ذہنی سکون خراب ہوتا ہے بلکہ جسمانی کارکردگی اور ذہنی توجہ میں بھی کمی آتی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ سونے سے کم از کم ایک گھنٹہ پہلے الیکٹرانک آلات سے دُوری اختیار کرنا بہتر نیند کے لیے مفید ثابت ہوتا ہے۔ سونے سے پہلے کتاب پڑھنا، گہری سانسیں لینا، یا ہلکی آواز میں قرآن سننا نیند کو بہتر بنا سکتا ہے۔ اس طرح کے طریقے نہ صرف نیند کا معیار بہتر بناتے ہیں بلکہ جسم و دماغ کو پُرسکون رکھتے ہیں۔

ماہرین کے مطابق، برقی بلب اور الیکٹریکل مصنوعات جیسے ٹی وی، کمپیوٹر، لیپ ٹاپ اور اسمارٹ فونز کی اسکرینز سے نکلنے والی مصنوعی روشنیاں انسان کی نیند کی خرابی کی بڑی وجوہات میں شامل ہیں۔ ان آلات کی روشنی نیلی شعاعوں پر مشتمل ہوتی ہے، جو انسانی جسم کی قدرتی گھڑی کو متاثر کرتی ہے۔ انسانی جسم میں ایک قدرتی گھڑی موجود ہوتی ہے جسے Circadian Rhythm کہا جاتا ہے۔ یہ گھڑی دن اور رات کے وقت کے مطابق جسم کے مختلف نظاموں کو منظم کرتی ہے۔ قدرتی حالات میں، صبح کی روشنی انسانی جسم کو جاگنے کا پیغام دیتی ہے جب کہ رات کا اندھیرا نیند کو مدعو کرتا ہے۔ لیکن جب رات کے وقت مصنوعی روشنیاں جسم پر اثر انداز ہوتی ہیں، تو یہ گھڑی متاثر ہوجاتی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہمارا سونے اور جاگنے کا قدرتی توازن بگڑ جاتا ہے اور نیند کا معیار کمزور ہوجاتا ہے۔

تحقیق کے مطابق، مصنوعی روشنی خصوصاً نیلی روشنی کا استعمال نیند کے ہارمون میلاٹونن (Melatonin) کے اخراج میں کمی کا باعث بنتا ہے۔ میلاٹونن نیند کے آغاز کے لیے ضروری ہے، اور یہ ہارمون رات کو جسم میں زیادہ مقدار میں خارج ہوتا ہے تاکہ انسان کو نیند کے لیے تیار کر سکے۔ لیکن جب مصنوعی روشنیاں اس کے اخراج کو روک دیتی ہیں، تو انسان کو نیند آنے میں مشکل ہوتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نیند کا معیار متاثر ہوتا ہے، اور انسان بار بار جاگنے لگتا ہے۔ مصنوعی روشنی، خاص طور پر کمپیوٹر اور موبائل فونز کی ایل ای ڈی روشنی، نیورونز (Neurons) کو بھی متحرک کر دیتی ہے۔ نیورونز دماغ کے اعصابی خلیے ہیں جو پیغام رسانی کا کام کرتے ہیں۔ جب نیورونز کو یہ روشنی فعال کرتی ہے، تو دماغ میں چستی پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے انسان کو نیند آنے میں مزید دشواری ہوتی ہے اور جاگنے کی حالت برقرار رہتی ہے۔ یہ صورتِ حال اس طرح ہے جیسے کیفین یا چائے کا اثر دماغ پر ہوتا ہے، جو انسان کو نیند سے روکنے کا باعث بنتے ہیں۔

ماہرین کے مطابق، جو افراد روزانہ رات میں پوری نیند نہیں لیتے، وہ متعدد سنگین امراض کے خطرے میں آجاتے ہیں۔ ان میں موٹاپا، یاسیت (ڈپریشن)، دل کے امراض اور فالج کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ نیند کی کمی جسم میں ہارمونل توازن کو بگاڑ سکتی ہے، جس سے میٹابولزم پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں اور وزن میں اضافہ ہوتا ہے۔ مزید برآں، دماغ کو مناسب آرام نہ ملنے کی وجہ سے نفسیاتی امراض جیسے ڈپریشن اور انزائٹی کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ اچھی اور پُرسکون نیند حاصل کرنے کے لیے کچھ اہم عوامل اور عادات پر توجہ دینا ضروری ہے۔ نیند کی اہمیت کو سمجھنے کے ساتھ ساتھ، مختلف تدابیر اپناتے ہوئے ہم اپنے نیند کے معیار کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ نیند کو بہتر بنانے اور مصنوعی روشنی کے مضر اثرات سے بچنے کے لیے یہاں درج ذیل احتیاطی تدابیر کی تجویز پیش کی جارہی ہے۔

روزانہ کی روٹین: نیند کے وقت کا ایک مقررہ شیڈول بنائیں۔ روزانہ ایک ہی وقت پر سونے اور جاگنے کی عادت ڈالیں۔ اس سے جسم کی قدرتی گھڑی مستحکم رہتی ہے، جس سے نیند کی کیفیت میں بہتری آتی ہے۔

تیز روشنی سے بچنا: سونے سے کم از کم آدھا گھنٹہ پہلے تیز روشنی کی موجودگی سے بچنا ضروری ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ موبائل فونز، ٹیبلٹس، ٹیوب لائٹس، انرجی سیورز اور ٹی وی اسکرینز کا استعمال ترک کر دینا چاہیے۔ یہ الیکٹرانک آلات نیلی روشنی خارج کرتے ہیں، جو میلاٹونن کی پیداوار کو متاثر کرتے ہیں اور نیند کے عمل کو خراب کرتے ہیں۔ نیلی روشنی کے فلٹرز کا استعمال کریں۔ ایسے اسکرین فلٹرز یا ایپلی کیشنز کا استعمال کریں جو نیلی روشنی کو کم کر کے اسے پیلے رنگ میں تبدیل کر دیتے ہیں، اس سے میلاٹونن کی پیداوار متاثر نہیں ہوتی۔ رات میں دھیمی روشنی کا انتخاب کریں۔ کم روشنی والے برقی بلب یا رات کے وقت نارنجی روشنی کا استعمال کریں، کیونکہ یہ قدرتی طور پر سکون فراہم کرتی ہے اور نیند میں خلل پیدا نہیں کرتی۔

بچوں کی اسکرین کا وقت کم کرنا: بچوں کے لیے اسمارٹ فونز، ٹیبلٹس، اور آئی پیڈز کا استعمال محدود کرنا چاہیے۔ یہ نہ صرف ان کی نیند کے دورانیے کو بڑھاتا ہے بلکہ ان کی ترقی اور عمومی صحت کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔ بچوں کے لیے نیند کی ضرورت بالغوں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے، اور اسکرین کا زیادہ وقت انہیں نیند سے محروم کر سکتا ہے۔

سوشل میڈیا سے گریز: سونے سے کم از کم دو گھنٹے پہلے کمپیوٹر، موبائل، ٹی وی، الیکٹرانک آلات اور سوشل میڈیا کا استعمال سے دور رہیں۔ سوشل میڈیا پر گزارا جانے والا وقت ذہن کو متحرک کرتا ہے اور نیند کے لیے سکون حاصل کرنے میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ اس کی جگہ کتابیں پڑھنے یا دیگر پُرسکون سرگرمیوں کا انتخاب کریں، جیسے کہ ہلکی سی تلاوت و نشید یا مراقبہ وغیرہ۔

کمرے کی روشنی کا انتظام: نیند کے دوران کمرے کی روشنی مدھم ہونا چاہیے۔ یہ ماحول کو سکون دہ بناتا ہے اور نیند کے لیے سازگار حالات فراہم کرتا ہے۔ کمرے کی کھڑکیاں بند کر کے اندھیرا کریں یا ایسی پردے لگائیں جو روشنی کو روک سکیں۔

درجۂ حرارت کا خیال رکھنا: کمرے کا درجۂ حرارت بھی نیند کے معیار پر اثر انداز ہوتا ہے۔ پنکھے یا اے سی کو معمولی درجۂ حرارت پر رکھیں تا کہ کمرے کا ماحول آرام دہ ہو۔ عام طور پر، 20 سے 22 ڈگری سینٹی گریڈ کا درجۂ حرارت نیند کے لیے موزوں سمجھا جاتا ہے۔

پُرسکون ماحول: نیند کے دوران شور اور خلل سے بچنے کے لیے کمرے کا دروازہ بند رکھیں۔ اگر ممکن ہو تو شور کو کم کرنے کے لیے کان میں ڈالنے والے ایئر پلگ یا سفید شور کی مشین کا استعمال کریں۔ ایک پُرسکون ماحول نیند کی بہتر کیفیت کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے۔ سوتے وقت پُرسکون سرگرمیوں کو اپنائیں۔ رات کے وقت کوئی سکون آور کتاب پڑھنا، مراقبہ کرنا، یا ہلکی آواز میں تلاوت یا نشید سننا بھی نیند کے معیار کو بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے۔

اچھی نیند کے متعدد فوائد ہیں، جو درج ذیل ہیں:

اچھی نیند ذہن کو تر و تازہ کرتی ہے، توجہ اور یادداشت کو بہتر بناتی ہے۔ نیند جسم کے مختلف نظاموں کو بحال کرنے میں مدد کرتی ہے، جس سے قوت مدافعت میں اضافہ ہوتا ہے اور بیماریوں کا خطرہ کم ہوتا ہے۔ نیند کی کمی سے انسان میں چڑچڑاپن، یاسیت، اور دیگر نفسیاتی مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ اچھی نیند انسان کے موڈ کو بہتر بناتی ہے۔ اچھی نیند کی بدولت جسمانی اور ذہنی کارکردگی میں بہتری آتی ہے، جو کہ روزمرہ کی زندگی میں مثبت اثر ڈالتی ہے۔

نیند کے دورانیے اور معیار کو بہتر بنانا نہ صرف صحت کے لیے فائدہ مند ہے بلکہ یہ زندگی کی معیاری حیثیت کو بھی بڑھاتا ہے۔ اگر ہم ان آسان لیکن موثر عادات کو اپنالیں تو ہم ایک صحت مند طرزِ زندگی کی جانب قدم بڑھا سکتے ہیں۔ نیند کو کبھی بھی ہلکا نہ لیں؛ یہ آپ کی جسمانی اور ذہنی صحت کے لیے، بہت اہم ہے۔

نیند کی اہمیت اور نیند کے معیار کی حفاظت کے حوالے سے قرآن و حدیث میں بھی مختلف احکامات موجود ہیں۔ یہاں کچھ نکات پیش کیے جا رہے ہیں۔ قرآن میں اللّٰہ تعالیٰ نے رات کی نیند کو انسان کی ایک اہم ضرورت قرار دیا ہے۔ سورۃ الفرقان (25:47) میں فرمایا گیا: ”اور وہی ہے جو رات کو تمہارے لیے لباس اور نیند کو سکون بناتا ہے“۔ یہ آیت واضح کرتی ہے کہ نیند انسان کی جسمانی اور ذہنی صحت کے لیے ضروری ہے۔ نبیٔ اکرم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم نے رات کے ابتدائی حصّے میں سونے کی ترغیب دی ہے۔ آپ نے فرمایا: ”میری اُمت کے لیے بہترین خواب وہ ہیں جو رات کے ابتدائی حصّے میں ہوں“۔ یہ حدیث نیند کے فطری سائیکل اور نیند کے ہارمون میلاٹونن کے بڑھنے کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔

اسلامی تعلیمات میں سونے سے پہلے کچھ آداب بھی ہیں جو نیند کے معیار کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

سونے سے پہلے وضو کرنا (مسلم: 2711)۔

سونے سے پہلے دو رکعت نفل نماز پڑھنا (ابن ماجہ: 1376)۔

بستر پر جانے سے پہلے قرآن کی کچھ آیات، خاص طور پر آیت الکرسی (سورۃ البقرۃ: 255) پڑھنا، جسے سونے کے دوران حفاظت کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے (بخاری: 5010)۔ قرآن میں سونے کی حالت کو اللّٰہ کی نشانیوں میں سے ایک قرار دیا گیا ہے۔ سورۃ الروم (23:30) میں فرمایا گیا: ”اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تمہاری نیند تمہارے دن کی سکون کی حالت ہے“۔ یہ آیت نیند کی حالت کو اللّٰہ کی قدرت اور حکمت کا ایک مظہر بتاتی ہے۔

نبیٔ اکرم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”خواب تین قسم کے ہوتے ہیں: خوشی کے خواب، غم کے خواب، اور وہ خواب جو شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں۔ جب تم میں سے کوئی خواب دیکھے تو اسے اپنے پاس نہ رکھے، بلکہ اللّٰہ سے پناہ مانگے“ (بخاری)۔ یہ حدیث خواب کی کیفیت اور نیند کے اثرات پر روشنی ڈالتی ہے۔ اسلامی تعلیمات میں یہ بھی شامل ہے کہ سونے سے پہلے پُرسکون سرگرمیوں میں مشغول ہونا مفید ہے، جیسے کہ ذکر کرنا، قرآن کی تلاوت کرنا، اور نفسیاتی سکون حاصل کرنا۔

نیند انسانی صحت کے لیے انتہائی اہم ہے، اور قرآن و حدیث میں اس کی اہمیت اور اس کے آداب کا ذکر موجود ہے۔ سونے سے پہلے الیکٹرانک آلات سے دور رہنا اور پُرسکون سرگرمیوں میں مشغول ہونا نیند کے معیار کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ ان احکامات کی روشنی میں ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی نیند کی عادتوں میں بہتری لائیں اور اللّٰہ کی رضا کے حصول کے لیے کوشش کریں۔

masood.media4040@gmail.com

****

